# ٹرمپ انتظامیہ کے 2026 کے پبلک چارج قاعدے سے تارکین وطن کس طرح متاثر ہوں گے؟


اگست 2026

**۲۰ جولائی ۲۰۲٦ کو، ٹرمپ انتظامیہ نے ایک وفاقی ضابطہ (فیڈرل رول) شائع کیا جو تارکینِ وطن کی اپنی امیگریشن حیثیت میں تبدیلی (adjust status)، ویزا پر امریکہ داخل ہونے، اور عوامی فوائد/سرکاری مراعات حاصل کرنے کی صلاحیت کو محدود کرے گا۔ اس قانون کو عام طور پر "پبلک چارج" (Public Charge) کہا جاتا ہے، اور اس کا باضابطہ نام "پبلک چارج گراؤنڈ آف ان ایڈمیسیبلٹی" (Public Charge Ground of Inadmissibility) رول ہے۔ اگرچہ یہ ضابطہ ابھی نافذ العمل نہیں ہوا ہے، تاہم اس سے کئی تارکینِ وطن کے متاثر ہونے کا امکان ہے۔**

## "پبلک چارج" اور "ان ایڈمسیبیلٹی" کا کیا مطلب ہے؟

پبلک چارج" ان افراد کے لیے ایک قانونی اصطلاح ہے جو گزر بسر کے لیے حکومتی امداد پر انحصار کرتے ہیں۔ 1880 کی دہائی سے، امریکی امیگریشن قوانین میں ایسے قانونی احکام موجود ہیں جو ایسے لوگوں کو قانونی طور پر امریکہ میں داخل ہونے سے روکتے ہیں جن کے متعلق "کسی بھی وقت پبلک چارج بننے کا امکان" ہو، اور یہ قانون انہیں یہاں آنے کے بعد اپنی قانونی حیثیت تبدیل کرنے سے بھی روکتا ہے۔ امریکہ میں قانونی داخلے کو "ایڈمیشن" (admission) کہا جاتا ہے، اور اس طرح قانون کے تحت، پبلک چارج بننے کا امکان داخلے سے انکار کی ایک وجہ بنتا ہے جسے "گراؤنڈ آف ان ایڈمیسیبلٹی" (نااہلی/داخلے کی ممانعت کی بنیاد) کہا جاتا ہے۔ اگر امریکی حکومت یہ طے کرتی ہے کہ کسی فرد کے پبلک چارج بننے کا امکان ہے (جس کی تعریف 1999 میں ایسے شخص کے طور پر کی گئی تھی جو حکومتی مالی امداد یا حکومت کی مالی اعانت سے چلنے والے طویل مدتی ادارہ جاتی علاج/دیکھ بھال پر "بنیادی طور پر منحصر" ہو)، تو وہ شخص ویزا یا گرین کارڈ کا اہل نہیں ہوگا۔

"پبلک چارج" کی تعریف 1999 میں وفاقی ضوابط میں طے کی گئی تھی اور وفاقی قوانین کے ذریعے اس میں کئی بار ترامیم کی گئیں اور انہیں منسوخ بھی کیا گیا، بشمول پچھلی ٹرمپ انتظامیہ کے دور میں۔ 1999 میں طے شدہ دیرینہ تعریف کے مطابق، پبلک چارج وہ شخص ہے جو حکومتی مالی امداد یا حکومت کی مالی اعانت سے چلنے والے طویل مدتی ادارہ جاتی علاج/دیکھ بھال پر "بنیادی طور پر منحصر" ہو۔



## نیا قاعدہ کیا ہے؟

نیا پبلک چارج قاعدہ دو اہم تبدیلیاں لاتا ہے:

- اول، یہ ان پرانے معیارات کو ختم کرتا ہے جن سے طے ہوتا تھا کہ پبلک چارج کے تحت کن فوائد کو شمار کیا جا سکتا ہے۔ پچھلے معیارات پبلک چارج کو صرف دو مخصوص فوائد تک محدود رکھتے تھے—نقد امداد اور سرکاری مالی اعانت سے چلنے والی طویل مدتی طبی دیکھ بھال۔ موجودہ قاعدے میں کوئی نیا اور مخصوص معیار درج نہیں ہے۔
- دوم، نیا قاعدہ خاندان کے دیگر افراد (جیسے کہ امریکی شہری بچے جو SNAP فوائد لے رہے ہیں) کی طرف سے حاصل کردہ مراعات کو مدنظر رکھنے کی اجازت دیتا ہے۔

نئے قاعدے کے تحت، امیگریشن افسران کو ہدایت کی جائے گی کہ وہ انفرادی کیس کے "تمام مجموعی حالات" (totality of circumstances) پر غور کریں۔ اس کے نفاذ کی تاریخ قریب آتے ہی مزید رہنما ہدایات جاری کی جائیں گی۔

## اس کا کیا مطلب ہے؟

نیا پبلک چارج قاعدہ پبلک چارج ٹیسٹ کے طریقہ کار میں ایک بڑی تبدیلی ہو گی۔ امیگریشن افسران کو بہت سے دیگر فوائد کے استعمال پر غور کرنے کی ہدایت کی جائے گی، جس میں درخواست دہندہ کے بچوں کی جانب سے حاصل کردہ فوائد بھی شامل ہو سکتی ہیں۔ چونکہ واضح اور پہلے سے قائم شدہ تعریفیں منسوخ کر دی گئی ہیں لیکن ان کی جگہ کوئی نئی تعریفیں نہیں لائی گئیں، اس لیے کیسز کے فیصلے میں عدم یکسانیت بڑھے گی۔ ہمیں خدشہ ہے کہ اس تبدیلی سے شہریوں اور غیر شہریوں دونوں پر منفی اثر پڑے گا اور خاندان ضروری عوامی پروگراموں سے فائدہ اٹھانے سے گریز کریں گے۔

## نیا قاعدہ کب نافذ ہو گا؟

نیا پبلک چارج رول 18 ستمبر 2026 کو نافذ ہو گا۔

## نیا قاعدہ کن پر لاگو ہوتا ہے؟

- گرین کارڈ کے وہ درخواست گزار جو 18 ستمبر 2026 کو یا اس کے بعد قانونی حیثیت کی تبدیلی (Adjustment of Status) کے لیے فائل کریں گے۔
- وہ افراد جو اس تاریخ کو یا اس کے بعد امریکہ میں داخلے کے خواہاں ہیں۔
- 18 ستمبر 2026 سے پہلے حاصل کیے گئے فوائد کا جائزہ 2022 کے موجودہ قانون کے تحت ہی لیا جانا چاہیے، البتہ USCIS کی طرف سے مزید رہنمائی جلد متوقع ہے۔

## اب کون سے فوائد کو مدنظر رکھا جائے گا؟

اس ضابطے میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ کن فوائد کو شامل کیا جائے گا۔ اس کے بجائے، نیا قانون امیگریشن افسران کو نقد امداد یا طویل مدتی نگہداشت کے محدود دائرے کے بجائے "کسی بھی طرح کی آمدنی پر منحصر سرکاری امداد" (means-tested public benefits) کی بنیاد پر پبلک چارج کے فیصلے کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

نیا قانون نافذ ہونے کے بعد USCIS درج ذیل عوامی فوائد کو مدنظر رکھ سکتی ہے:

**غذائی پروگرام (Nutrition Programs)**

- سپلیمنٹل نیوٹریشن اسسٹنس پروگرام (SNAP)
- خواتین، شیر خوار بچوں اور بچوں کے لیے خصوصی غذائی پروگرام (WIC)
- ایمرجنسی فوڈ اسسٹنس ایکٹ (TEFAP) کے تحت ملنے والے فوائد
- چائلڈ اینڈ ایڈلٹ کیئر فوڈ پروگرام (CACFP)
- انڈین ریزرویشنز پر فوڈ ڈسٹری بیوشن پروگرام (FDPIR)

**صحت کے پروگرام (Health Programs)**

- میڈیکیڈ (Medicaid)، چلڈرنز ہیلتھ انشورنس پروگرام (CHIP)، اور سستی نگہداشت کے ایکٹ (Affordable Care Act) کے تحت ہیلتھ انشورنس
- ہوم اینڈ کمیونٹی بیسڈ سروسز (HCBS)

**رہائشی پروگرام (Housing Programs)**

- عوامی رہائشی پروگرام جیسے کہ سیکشن 8
- ہوم انرجی اسسٹنس پروگرام (HEAP)

**تعلیمی اور دیگر پروگرام (Education & Other Programs)**

- چائلڈ ٹیکس کریڈٹ (CTC) یا ٹیکس سے متعلق دیگر نقد فوائد بشمول ارنڈ انکم ٹیکس کریڈٹ (EITC)

پبلک چارج کے فیصلے کے دوران کسی شخص کی عمر، صحت، خاندانی حیثیت، اثاثے، وسائل، مالی حالت، تعلیم، مہارتیں، اور مالی معاونت کا حلف نامہ (Affidavit of Support) بھی مدنظر رکھا جا سکتا ہے۔

یہ فہرست حتمی نہیں ہے اور اس میں تبدیلیاں ہو سکتی ہیں۔ مستقبل میں مزید رہنمائی فراہم کی جا سکتی ہے۔

## پبلک چارج میں کون سی امیگریشن کیفیات شامل اور مستثنیٰ ہیں؟

پبلک چارج ان افراد پر لاگو ہوتا ہے جو LPR (یعنی گرین کارڈ) بننے کے عمل میں ہیں یا امریکہ ہجرت کر رہے ہیں۔ پبلک چارج ان LPRs پر بھی لاگو ہو سکتا ہے جو 180 دن سے زیادہ کے لیے امریکہ چھوڑیں اور پھر دوبارہ داخل ہوں۔

پبلک چارج ٹیسٹ ان افراد[1] پر لاگو نہیں ہوتا جو مستقل رہائش کے لیے فائل کر رہے ہوں اور:

- **پناہ گزین (asylees)**
- **مہاجر (refugees)**
- **گھریلو تشدد، انسانی سمگلنگ، یا سنگین جرائم سے بچ جانے والے (VAWA، T ویزا ہولڈرز، یا U ویزا ہولڈرز)**
- **SIJ (اسپیشل امیگرنٹ جووینائل کلاسیفیکیشن) رکھنے والے بچے یا نوجوان**
- **وہ افراد جو اپنے گرین کارڈ کی تجدید کروا رہے ہوں**

پبلک چارج امریکی شہریوں پر بھی لاگو نہیں ہوتا۔

____________________

1 وہ لوگ جو نیچے دی گئی قسموں میں سے کسی کے ماتحت ویزے (ڈیریویٹو ویزا) پر ہیں اور پہلی بار گرین کارڈ اپلائی کر رہے ہیں، انہیں امیگریشن کے وکیل سے مشورہ لینا چاہیے۔

## کیا ماضی میں حاصل کردہ فوائد پبلک چارج کا تعین کرنے کے لیے استعمال ہوں گے؟

نئی پالیسی 18 ستمبر 2026 سے نافذ ہوگی۔ پبلک چارج کے تعین میں صرف اس تاریخ کے بعد درخواست کردہ اور موصول ہونے والی مراعات، اور مراعات کا مسلسل استعمال ہی شامل کیا جا سکتا ہے۔ اس وقت تک بائیڈن انتظامیہ کا 2022 کا قانون نافذ العمل رہے گا۔

## کیا DHS والدین کی درخواست پر بچے کے حاصل کردہ فوائد پر غور کر سکتا ہے؟

جی ہاں۔ نیا قاعدہ DHS کو ایک "زیرِ کفالت فرد" (جیسے بچہ) کی طرف سے فوائد کے استعمال اور اس دوران درخواست گزار کے معاشی حالات کو جانچنے کی اجازت دیتا ہے۔

## مدد کے لیے کہاں رابطہ کریں؟

وہ افراد اور خاندان جو اس بات سے غیر یقینی کا شکار ہیں کہ آیا نیا قانون ان کے زیر التوا کیسز کو متاثر کرے گا یا نہیں، وہ اپنے امیگریشن وکیل یا معتمد قانونی مشیر سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کے پاس کوئی وکیل نہیں ہے تو مقامی تنظیمی اور قانونی امدادی گروپس سے رابطہ کریں۔

نیویارک میں، آپ درج ذیل نمبروں پر رابطہ کر سکتے ہیں:

- نیویارک سٹی میئرز آفس آف امیگرنٹ افیئرز لیگل سپورٹ ہاٹ لائن: 0365-354 (800) یا 311 پر کال کر کے کہیں "Immigration Legal"
- نیویارک اسٹیٹ آفس فار نیو امریکنز ہاٹ لائن: 7636-566 (800)